نئے گھر میں جاکر پڑھنے والے اوراد

الحمدلله والصلوة والسلام علی رسول الله

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم ایک گھر میں منتقل ہورہے ہیں تو ہمیں کونسے اوراد پڑھنے چاہیے کہ ہمارا گھر شیطان وجنات اور دیگر آفات سے محفوظ ہو جائے ۔

سائل:ایک بھائی فرام انگلینڈ

بسم الله الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

آپ اس نئے گھر میں جاکر "سورۃ بقرۃ " اور آیت الکرسی پڑھیں اور یہ دونوں چیزیں وہی پڑھے جس کی قرآت صحیح ہو یا وہ تجوید جانتا ہو۔کیونکہ سورۃ بقرہ جہاں پڑھی جائے شیطان اور شریر جنات وہاں سے بھاگ جاتے ہیں ۔ جیسا کہ حدیث مبارک میں ہے ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا **" لَا تَجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ مَقَابِرَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَفِرُّ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي تُقْرَأُ فِيهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ "** اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ بے شک شیطان اس گھر سے بھاگ جاتا ہے جس میں سورۃ بقرۃ پڑھی جاتی ہے۔

(الصحیح المسلم باب استحباب صلوۃ النافلۃ فی بیتہ رقم **780)**

اورآیۃ الکرسی پڑھنے سے نہ صرف آپ کا گھر محفوظ ہوگا بلکہ اردگرد سب گھر چوری اور ہر طرح کی بلا وآفت محفوظ ہوجائے گا۔

جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ منبر پر فرمارہے تھے کہ **"مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُولِهِ الْجَنَّةَ إِلَّا الْمَوْتُ، وَمَنْ قَرَأَهَا حِينَ يَأْخُذُ مَضْجَعَهُ أَمَّنَهُ اللهُ عَلَى دَارِهِ وَدَارِ جَارِهِ وَالدُّوَيْرَاتِ حَوْلَهُ"** جس نے ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی اسے جنت میں جانے سے سوائے موت کوئی چیز نہیں روک سکتی اور جس نے اسے لیٹتے وقت پڑھا تو اللہ تعالی اسے اپنے گھر میں محفوظ رکھے گا اور اس کے پڑوسی کا گھر بھی محفوظ رہے گا اور اس کے گھر کے ارد گرد تمام گھر محفوظ ہوجائیں گے۔

(شعب الایمان باب تخصیص الآیۃ الکرسی باالذکر رقم 2174)

اور جنتی زیور کتاب میں علامہ عبدالمصطفی اعظمی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ اگر سارے مکان میں کسی اونچی جگہ پر لکھ کر آیۃ الکرسی کا کتبہ آویزاں کر(لگا)دیا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس گھر میں کبھی فاقہ نہ ہو گا۔ بلکہ روزی

میں برکت اور اضافہ ہو گا اور اس مکان میں کبھی چور نہ آسکے گا۔ (جنتی زیور ص589)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 30-10-2017

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: We are moving into a house, so which litanies should we recite so that our house is protected from devils, jinns and other calamities?

Questioner: Sister from Birmingham, England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

You should go to the new house and read Surah Baqarah and read Ayatul Kursi, both of these should be read by someone who has correct Qirat or knows Tajweed. Because wherever Surah Baqarah is read, devils and evil jinns flee from that place.

As is in the Hadith Mubarak;

It is narrated by Hazrat Abu Hurairah (may Allah be pleased with him) that the Noble prophet (ﷺ) (Allah bless him and grant him peace) stated;

" لَا تَجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ مَقَابِرَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَفِرُّ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي تُقْرَأُ فِيهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ "

Do not make your homes a graveyard; without doubt the devil flees from that house in which Surah Baqarah is recited.

(الصحيح المسلم باب استحباب صلوة النافلة فى بيته رقم **780)**

By reading Ayatul Kursi, not only will your house remain protected, rather the surrounding houses, all will be protected from robbery and all types of catastrophes and calamities.

As Hazrat Ali (كرم الله تعالى وجهہ الكريم) stated that I heard from the noble prophet (ﷺ) (Allah bless him and grant him peace), they were stating on the pulpit that;

"مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُولِهِ الْجَنَّةَ إِلَّا الْمَوْتُ، وَمَنْ قَرَأَهَا حِينَ يَأْخُذُ مَضْجَعَهُ أَمَّنَهُ اللهُ عَلَى دَارِهِ وَدَارِ جَارِهِ وَالدُوَيْرَاتِ حَوْلَهُ"

Whoever reads Ayatul Kursi after every Salah, except for death nothing will prevent him from entering Jannah, and whoever reads this whilst lying down, Allah will keep him protected in his house and his neighbors house will remain protected and all surrounding houses to his will be protected.

(شعب الایمان باب تخصیص الآیۃ الکرسی باالذکر رقم 2174)

In the book Jannati Zewar, Allama Abdul Mustafa Azmi (علیہ الرحمۃ) stated; in the whole house at a high place, if Ayatul Kursi is written and the written Ayatul Kursi is displayed, then inshaAllah (تعالی) in this house there will never be destitution. Rather there will be blessings and increase in sustenance, and a thief will never be able to enter this house.

(جنتی زیور ص589)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Hamza Hussain